# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

مورخہ 10 کتوبر ،2017ء

الیکشن کمیشن کے ترجمان نے بعض اخبارات میں شائع ہونیوالی اس خبر کی سختی سے تردید کی ہے۔ جس میں ریٹرنگ آفیسر این اے فور کی جانب سے ملی مسلم لیگ کالعدم قرار دیا گیا تھا۔ ترجمان نے کہاکہ دراصل جمعہ کے دن ریٹرنگ آفیسر نے آزادامیدوار حاجی لیاقت علی خان کواپنے انتخابی دفتر میں نصب اپنے بینر میں غیر رجسٹرڈ سیاسی جماعت ملی مسلم لیگ کا نام استعمال کرنے پر نوٹس جاری کیا تھا۔اوران سے تین دنوں میں وضاحت طلب کی گئی تھی۔ جبکہ ملی مسلم لیگ کی رجسٹریشن کے حوالہ سے الیکشن کمیشن آف پاکستان میں کیس 11 اکتوبر کوزیر سماعت ہے۔اوراس جماعت کی رجسٹریشن کا فیصلہ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ کریگا۔

ترجمان نے مذید کہا۔ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے شعبہ تعلقات عامہ پہلے بھی پریس ریلیز کے ذریعے اس حوالہ سے وضاحت کی تھی کہ ملی مسلم لیگ کی رجسٹریشن کے بارے میں فیصلہ الیکشن کمیشن کریگا۔

*************